کتاب نما

ادارہ

قرآنیات پر نئی کتابیں

قرآن کریم کے اردو تراجم :(کتابیات) مرتبہ: ڈاکٹر احمد خاں، نظر ثانی: سید عبدالقدوس ہاشمی، ناشر: مقتدرہ قومی زبان، اسلام آباد، ۱۹۸۷ء، صفحات ۲۹۶، قیمت مجلد ۶۰ روپئے

قرآن مجید دنیا کی سب سے زیادہ پڑھی جانے والی کتاب ہے، اور اب تک سب سے زیادہ ترجمہ بھی اسی کتاب کا کیا گیا ہے، مختلف اداروں کی جانب سے اردو تراجم اور تفاسیر کی فہرست مرتب کرنے کی کوشش کی گئی ہے، ڈاکٹر احمد خاں کی یہ کتاب اسی سلسلہ کی ایک کڑی ہے، اس میں مترجم، کتاب کا نام، کتاب کی نوعیت، مطبوعہ کتابوں کا مکمل پتہ اور سنہ اشاعت کی وضاحت کی گئی ہے، ساتھ ہی کتاب میں اس کی بھی کوشش کی گئی ہے کہ ہر اردو ترجمے خاص کر پرانے ترجمے کے متعلق یہ بھی بیان کریں کہ وہ اب کہاں دیکھا جاسکتا ہے، کتاب میں مجموعی طور پر ۱۰۱۱ تراجم کا تعارف کرایا گیا ہے۔

مولانا آزاد کی قرآنی بصیرت، تالیف: مولانا اخلاق حسین قاسمی
ناشر: سنی پبلیکیشنز، عزیز مارکیٹ، اردو بازار، لاہور، قیمت ۴۸ روپئے

مولانا ابوالکلام آزاد کی زندگی کی مختلف جہات میں ایک جہت ان کی خدمت قرآن ہے، جسے کسی صورت نظر انداز نہیں کیا جاسکتا، مولانا کے موقر قرآنی مقالات اور ان کی شہرہ آفاق تفسیر ترجمان القرآن قرآنی علوم و معارف کا بیش بہا خزانہ تصور کی جاتی ہے مولانا اخلاق حسین قاسمی جو مولانا آزاد کی علمی و تحقیقی نگارشات پر گہری نگاہ رکھتے ہیں انہی افادات کی